فرمائے۔مجلس احرار اسلام کے تمام رہنما اور کارکنان اظہار تعزیت بھی کرتے ہیں اور دعائے مغفرت بھی۔اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے، خطائیں معاف فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔(آمین)

مولانا معین الدین لکھوی کی رحلت:

جمعیت اہلحدیث کے سرپرست، ممتاز عالم دین مولانا معین الدین لکھوی ۹۰ برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔نماز جنازہ میں سینیٹر پروفیسر ساجد میر، جماعت الدعوۃ کے مرکزی امیر حافظ محمد سعید، ممبران قومی وصوبائی اسمبلی، علماء کرام، صحافیوں، وکلا، تاجروں اور شہریوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔

مولانا معین الدین لکھوی ایک جید عالم دین اور قومی رہنما تھے۔وہ اوکاڑہ سے قومی اسمبلی کے رکن بھی منتخب ہوتے رہے۔انھوں نے ہر دینی وقومی تحریک میں قائدانہ کردار ادا کیا۔انھوں نے صاف ستھری دینی زندگی گزاری ان کی دینی وقومی خدمات اور شاندار ماضی کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکے گا۔قائد احرار مولانا سید عطاء المہیمن بخاری اور مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے صدر شیخ نسیم الصباح، جنرل سیکرٹری شیخ مظہر سعید اور خالد چودھری نے اپنے بیان میں کہا کہ مولانا معین الدین لکھوی تحریک تحفظ ختم نبوت اوکاڑہ کے اسیروں میں سے آخری اسیر تھے۔مولانا کے جسدِ خاکی کو قلعہ تارا سنگھ دیپالپور میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپردِ خاک کیا گیا۔اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔(آمین)

ماہانہ مجلس ذکر واصلاحی بیان
26 جنوری 2012ء
جمعرات بعد نماز مغرب
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
امیر مجلس احرار اسلام پاکستان
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961

الغازی مشینری سٹور
ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپئیر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں
بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501